اسلامی معلومات

Class - I

1



- حمدِ باری
- نعتِ نبی ﷺ
- ایمانی سوال وجواب
- ہمارے نبی ﷺ
- قولِ رسول ﷺ
- ہماری دعاء
- آدابِ زندگی
- ہمارا مذہب

Published by :
Federation of Indian Muslim Organisations-Midlands-U.K.
website : www.peoplesneeds.org E-mail : info@peoplesneeds.org
Developed by : Dept. of Islamic Studies, Maulana Azad University, Jodhpur
Marwar Muslim Educational & Welfare Society, Jodhpur (Raj.) INDIA

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جولائی

حمدِ باری

آؤ آؤ سر کو جھکائیں — گیت خدا کی حمد کے گائیں
جس نے اس دنیا کو بنایا — اور ہمیں پھر اس میں بسایا
جس نے پانی اور ہوا دی — جس نے ہماری آگ جلا دی
جس نے بنائے چاند ستارے — پھول کھلائے پیارے پیارے
جس نے ہمیں ماں باپ دیے ہیں — ہم پر ہزار احسان کیے ہیں
ماں کو بخشی ہماری محبت — باپ کے دل میں ڈالی شفقت

اگست

نعتِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

وہ ہمارے نبی، خاتم الانبیاء
ان کو اللہ نے اپنا قرآں دیا
اب سدا کے لئے، آپ ہیں رہنما
کیسے پیارے نبی، وہ ہمارے نبی
حکم اللہ کے ہم کو پہنچا گئے
کیسے پیارے نبی، وہ ہمارے نبی
ان پر صَلِّ عَلیٰ، ہر مسلماں کہے
کیسے پیارے نبی، وہ ہمارے نبی



ایمانی سوال و جواب

سوال ۱۔ ہم کس کے بندے ہیں؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ کے

سوال ۲۔ کیا اللہ کے بیٹا، بیٹی یا بیوی ہے؟ جواب۔ ہر گز نہیں

سوال ۳۔ ہم کس کی امت ہیں؟ جواب۔ حضرت محمد ﷺ کی

سوال ۴۔ ہماری مذہبی کتاب کا کیا نام ہے؟ جواب۔ قرآن مجید

سوال ۵۔ مسلمان دن بھر میں پانچ وقت کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ نماز

سوال ۶۔ مسلمان رمضان کے مہینے میں کیا رکھتے ہیں؟ جواب۔ روزے

سوال ۷۔ مالدار غریب کو کیا دیتے ہیں؟ جواب۔ زکوٰۃ

سوال ۸۔ مکہ مدینہ جا کر مسلمان کیا کرتے ہیں؟ جواب۔ حج و زیارت

سوال ۹۔ اچھے کام کرنے والے کہاں جائیں گے؟ جواب۔ جنت میں

سوال ۱۰۔ برے کام کرنے والے کہاں جائیں گے؟ جواب۔ دوزخ میں

سوال ۱۱۔ کوئی غلطی ہو جائے تو کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

سوال ۱۲۔ کسی کا شکریہ ادا کرتے وقت کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْراً

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

سوال ۱۔ ہمارے نبی کا کیا نام ہے؟ — جواب۔ حضرت محمد ﷺ

سوال ۲۔ ہمارے نبی ﷺ کے ابا کا کیا نام ہے ؟ — جواب۔ حضرت عبداللہ

سوال ۳۔ ہمارے نبی ﷺ کی امی کا کیا نام ہے؟ — جواب۔ حضرت آمنہ

سوال ۴۔ ہمارے نبی ﷺ کے دادا کا کیا نام ہے ؟ — جواب۔ حضرت عبدالمطلب

سوال ۵۔ ہمارے نبی ﷺ کی دادی کا کیا نام ہے؟ — جواب۔ حضرت فاطمہ

سوال ۶۔ ہمارے نبی ﷺ کے نانا کا کیا نام ہے؟ — جواب۔ حضرت وہب بن عبد مناف

سوال ۷۔ ہمارے نبی ﷺ کی نانی کا کیا نام ہے؟ — جواب۔ حضرت برّہ

سوال ۸۔ ہمارے نبی ﷺ کہاں پیدا ہوئے؟ — جواب۔ مکہ مکرمہ میں

سوال ۹۔ خوشی کے موقع پر کیا کہتے ہیں؟ — جواب۔ سُبْحٰنَ اللّٰہِ

سوال ۱۰۔ اپنے نبی کا نام سن کر کیا کہتے ہیں؟ — جواب۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نوٹ : نومبر کا مہینہ جولائی سے اکتوبر تک کے اعادہ (Revision) کے لئے ہے۔ نومبر کے پہلے ہفتہ میں جولائی کا، دوسرے ہفتہ میں اگست کا، تیسرے ہفتہ میں ستمبر کا اور چوتھے ہفتہ میں اکتوبر کا اعادہ کرائیں۔

دسمبر

قولِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

بچے ہیں جنت کے پھول
ہے یہ پیارا قولِ رسول

جب بچے مل جاتے تھے
حضرت خوش ہو جاتے تھے
خود ہی آگے بڑھ کر ان کو
اپنے پاس بلاتے تھے
میٹھی میٹھی باتوں سے
ان کا جی بہلاتے تھے
ننھے منے بچوں کو
اپنے ساتھ کھلاتے تھے
بھول چوک ہو جانے پر
شفقت سے سمجھاتے تھے
ان پر سختی کرنے کو
آپ برا فرماتے تھے

بچے ہیں جنت کے پھول
ہے یہ پیارا قولِ رسول

جنوری

ہماری دعاء



آؤ دعاء کو ہاتھ اٹھائیں
حمد خدا کی مل کر گائیں
اے مالک رکھ یاد ہماری
سن لے تو فریاد ہماری
بخش ہمیں تو علم کی دولت
بخش ہمیں تو عقل کی دولت
رستہ سیدھا ایک دکھا دے
ہم سب کو تو نیک بنا دے

آدابِ زندگی

سوال ١۔ کسی مسلمان سے ملیں تو کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ

سوال ٢۔ سلام کے جواب میں کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ

سوال ٣۔ جوتے پہنتے وقت پہلے کون سا پاؤں ڈالتے ہیں؟ جواب۔ پہلے سیدھا، بعد میں الٹا

سوال ٤۔ جوتے اتارتے وقت پہلے کون سا پاؤں نکالتے ہیں؟ جواب۔ پہلے الٹا، بعد میں سیدھا

سوال ٥۔ کپڑے میں پہلے کون سا ہاتھ پاؤں ڈالتے ہیں؟ جواب۔ پہلے سیدھا، بعد میں الٹا

سوال ٦۔ کپڑے سے پہلے کون سا ہاتھ پاؤں نکالتے ہیں؟ جواب۔ پہلے الٹا، بعد میں سیدھا

سوال ٧۔ کعبہ کی طرف پاؤں کرنا کیسا ہے؟ جواب۔ خلافِ ادب ہے

سوال ٨۔ سیڑھی چڑھتے وقت کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

سوال ٩۔ سیڑھی سے اترتے وقت کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ سُبْحٰنَ اللّٰہِ

سوال ١٠۔ کام کرنے کا ارادہ کرتے وقت کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ

ہمارا مذہب

سوال ۱۔ اسلام کی بنیاد کتنی باتوں پر ہے؟ جواب۔پانچ باتوں پر

سوال ۲۔ اسلام کی پہلی بنیادی بات کیا ہے؟ جواب۔توحید

سوال ۳۔اسلام کی دوسری بنیادی بات کیا ہے؟ جواب۔نماز

سوال ۴۔اسلام کی تیسری بنیادی بات کیا ہے؟ جواب۔روزہ

سوال ۵۔ اسلام کی چوتھی بنیادی بات کیا ہے؟ جواب۔زکوٰۃ

سوال ۶۔ اسلام کی پانچویں بنیادی بات کیا ہے؟ جواب۔حج

سوال ۷۔سب سے پہلے نبی کا نام کیا ہے؟ جواب۔حضرت آدم علیہ السلام

سوال ۸۔سب سے آخری نبی کا نام کیا ہے؟ جواب۔حضرت محمد ﷺ

سوال ۹۔ اللہ کی سب سے آخری کتاب کون سی ہے؟ جواب۔قرآن مجید

سوال ۱۰۔مع ترجمہ کلمۂ طیبہ سنائیے۔

جواب۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

نوٹ: اپریل کا مہینہ دسمبر سے مارچ تک کے اعادہ (Revision) کے لئے ہے۔اپریل کے پہلے ہفتہ میں دسمبر کا، دوسرے ہفتہ میں جنوری کا، تیسرے ہفتہ میں فروری کا اور چوتھے ہفتہ میں مارچ کا اعادہ کرائیں۔

FIMO

Federation of Indian Muslim Organizations-Midlands-U.K.

Website : www.peoplesneeds.org Email : hamidmalik@peoplesneeds.org

Mr. Hamid Malik
(Chairman/Founder)

پیغام

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس وقت ملتِ اسلامیہ ہندیہ کے تقریباً ۵ رفیصد بچے دینی اداروں میں اور ۹۰ رفیصد طلبہ وطالبات عصری تعلیم گاہوں میں زیرِ تعلیم ہیں اور عام طور سے عصری اداروں میں دینی تعلیم کا باضابطہ نظام نہیں ہے، ایسے حالات میں مدرسوں میں پڑھنے والے مسلم گھرانوں کے ۵ رفیصد بچوں کے لئے یہ آواز تو اٹھتی رہتی ہے کہ مدرسوں کے بچوں کو دینی تعلیم کے ساتھ عصری تعلیم سے بھی مزین کیا جائے لیکن یہ آواز بہت کم سنائی دیتی ہے کہ اسکول، کالج اور یونیورسٹی میں زیرِ تعلیم ۹۰ رفیصد مسلم طلبہ وطالبات کے عقائد کی درستی، اعمال سے وابستگی، محبت رسول ﷺ کی پختگی اور قرآن مجید سے شیفتگی کے لیے ان کو عصری تعلیم کے ساتھ بنیادی دینی تعلیم بھی دی جائے۔

اس پس منظر میں مارواڑ مسلم ایجوکیشنل اینڈ ویلفیر سوسائٹی، جودھپور قابلِ مبارکباد ہے جو ملک گیر سطح پر عصری اداروں میں عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ اسلامیات اور قرآنیات کی بھی تعلیم دینے کی تحریک چلا رہی ہے اور اس تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے اردو زبان کی مدد لی جا رہی ہے اسی تعلق سے نرسری سے پریپ تک کے لیے ''رہنمائے اردو'' پہلی اور دوسری کلاس کے لیے ''قرآنی قاعدہ'' نرسری سے آٹھویں کلاس تک کے طلبہ وطالبات کے لیے کلاس وائز ''اسلامی معلومات'' اور پریئر کے وقت کے لئے ''ترانے کے وقت کا زبانی نصاب'' کی اشاعت ہو رہی ہے۔ یہ وقت کی اہم ترین ضرورت تھی جس کو اس سوسائٹی نے پورا کیا ہے۔

فیڈریشن آف انڈین مسلم آرگنائزیشن انگلینڈ تن، من اور دھن ہر لحاظ سے سوسائٹی کے ساتھ ہے اور دعاء گو ہے کہ یہ تحریک کامیابی سے ہمکنار ہو اور نونہالانِ قوم وملت کو اس سے خاطر خواہ فائدہ پہنچے۔ آمین

طالبِ دعاء

(حامد ملک)

چیئرمین فیڈریشن